राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Education, Department of Higher Education
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 19/12/2021

مالیگاؤں قومی اردو کتاب میلے کا دوسرا دن: شائقینِ زبان وادب میں غیر معمولی جوش وخروش

’آن لائن تعلیم واردو‘ اور’انفارمیشن ٹکنالوجی واردو‘ پر مذاکرے کا انعقاد، دو کتابوں کا اجرا

مالیگاؤں: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے زیر اہتمام مالیگاؤں میں جاری قومی اردو کتاب میلہ آب وتاب سے جاری ہے اور مالیگاؤں ومہاراشٹر کے محبانِ اردو اس میلے سے خاطر خواہ استفادہ کر رہے ہیں۔ آج میلے کے دوسرے دن جہاں سیکڑوں شائقین علم وادب نے مختلف موضوعات پر مشتمل سیکڑوں کتابوں کی خریداری کی، وہیں اس موقعے پر دو مختلف نشستوں میں’ آن لائن تدریس اور اردو‘ اور’انفارمیشن ٹکنالوجی اور اردو‘ کے موضوعات پر پینل ڈسکشنز کا انعقاد عمل میں آیا۔ساتھ ہی دونوں مجلسوں میں دو کتابوں کا اجرا بھی کیا گیا۔

’آن لائن تدریس اور اردو‘ کے عنوان سے منعقدہ مذاکرے میں حصہ لیتے ہوئے مذاکرہ کاروں نے خاص طور پر کورونا اور لاک ڈاؤن کے دوران پیدا ہونے والی صورتحال میں آن لائن تدریس کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کرتے ہوئے خاص اردو تدریس کے حوالے سے درپیش مشکلات اور چیلنجز پر تبادلۂ خیال کیا۔مقررین نے کہا کہ اردو زبان کی آن لائن تدریس کی سمت میں مختلف اداروں نے اہم پیش رفت کی ہے،مگر اس حوالے سے کچھ اہم پہلو ایسے ہیں،جن پر توجہ دینے کی ضرورت ہے اور اس کے لیے ادارہ جاتی سطح پر منظّم کوشش کرنی ہوگی۔مقررین نے اس بات پر اطمینان کا بھی اظہار کیا کہ اردو کے اساتذہ اور نئی نسل سے تعلق رکھنے والے ٹکنالوجی کے ماہرین اردو کی آن لائن تدریس کو بہتر سے بہتر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

اس مذاکرے میں جناب راشد اختر فیض احمد کی کتاب’فریکوئنٹلی یوزڈ انگلش سینٹینسز‘ کا اجرا بھی عمل میں آیا۔ جناب امین ساغر نے کتاب اور صاحبِ کتاب کا تعارف پیش کیا، جبکہ مذاکرے میں بال بھارتی کے رکن جناب ظفر عابد، جناب اشفاق للت، جناب عارف انجم، جناب اعجاز صدیقی، جناب آصف فیضی، جناب مشتاق احمد مشتاق نے شرکت کی۔مجلس کی صدارت مالیگاؤں سوسائٹی آف ایجوکیشن کے صدر یٰسین درگاہی نے کی۔

دوسرے مذاکرے کا عنوان’ انفارمیشن ٹکنالوجی اور اردو‘ تھا،اس موقعے پر ڈاکٹر خلیل الدین کیماندار کی تصنیف ’نقوشِ حرم‘ کا اجرا عمل میں آیا۔ ڈاکٹر ندوی،ڈاکٹر سعید فارانی اور مولانا عمرین محفوظ رحمانی نے کتاب اور صاحبِ کتاب پر گفتگو کی۔ مذاکرے میں پروفیسر رضوان امان اللہ خان، جناب رفیق مومن، جناب طاہر انجم صدیقی، جناب شکیل جمیل حسن، جناب فرید فارانی، پروفیسر عبدالقدیر، جناب وسیم احمد، جناب شمویل ویگا وغیرہ نے حصہ لیا۔جناب امتیاز رفیق نے اس مذاکرے کی نظامت کی۔ مذاکرے کے شرکا نے اردو زبان کو ٹکنالوجی سے مربوط کرنے کے سلسلے میں نئے امکانات کی جستجو اور اس سلسلے میں درپیش مسائل سے کماحقہ نمٹنے کے طریقوں پر غور وخوض کیا۔انھوں نے ملک کی مختلف لائبریریوں میں موجود اہم اور نایاب اردو کتابوں کے ڈیجیٹلائز کیے جانے اور اردو مواد کو انٹرنیٹ پر زیادہ سے زیادہ فراہم کیے جانے کی وکالت کی۔انھوں نے زور دیا کہ اردو زبان ومواد کو یونی کوڈ ورژن میں قابلِ رسائی بنانا نہایت اہم اور ضروری ہے۔اس مجلس کی صدارت معروف صحافی اور ممبئی اردو نیوز کے ایڈیٹر جناب شکیل رشید نے کی۔انھوں نے اپنی صدارتی تقریر میں کہا کہ جدید ٹکنالوجی نے اردو کے لیے بہت سی آسانیاں پیدا کی ہیں، مگر ساتھ ہی کئی سطحوں پر مشکلات بھی درپیش ہیں،جنھیں دور کرنا ضروری ہے۔انھوں نے آئی ٹی ماہرین سے اپیل کی کہ وہ بطور خاص انٹرنیٹ پر اردو ترجمے اور انٹرنیٹ وسوشل میڈیا پر کی جانے والی زبان وبیان کی خامیوں کو دور کرنے کے طریقوں پر غور کریں اور ان کا حل پیش کرنے کی سمت میں ضروری اقدام کیا جائے۔

(رابطہ عامہ سیل)